امام دار قطنی رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب

"فضائل الصحابہ" کا شاندار اور عام فہم ترجمہ

بہ عنوان

شانِ صحابہ

رضوان اللہ علیہم اجمعین

بفیضان نظر

قطب دوراں مرشداں حضرت فقیہ اعظم **خواجہ محمد نور اللہ نعیمی قادری اشرفی** قدس سرہ العزیز

مترجم

حضرت علامہ مولانا غلام مصطفٰے نوری صاحب مدظلہ

خطیب و مہتمم جامعہ شرقیہ رضویہ بیرون غلہ منڈی ساہیوال

مکتبہ نوریہ رضویہ۔ گلبرگ اے فیصل آباد

Scanned by CamScanner

بسم الله الرحمن الرحيم

Scanned by CamScanner

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ

وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ

عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ

اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى

اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰٓى

اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ

اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

Scanned by CamScanner

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بفیضان نظر

قطب دوراں غوث زماں قدس سرہ العزیز
حضرت فقیہ اعظم خواجہ محمد نور اللہ نعیمی قادری اشرفی

امام دار قطنیؒ کی کتاب "فضائل الصحابہ" کا شاندار اور عام فہم ترجمہ

به عنوان

شانِ صحابہ

رضوان اللہ علیہم اجمعین

مترجم

مناظر اسلام
حضرت علامہ غلام مصطفےٰ نوری دام ظلہ
خطیب مرکزی جامع مسجد شرقیہ رضویہ
بیرون غلہ منڈی ساہیوال

ناشر مکتبہ نوریہ رضویہ ، فیصل آباد

Scanned by CamScanner

جملہ حقوق بحق مترجم محفوظ ہیں

نام کتاب	-----	فضائل الصحابہ
مؤلف	-----	امام ابوالحسن علی بن عمر دار قطنی
نام ترجمہ	-----	شانِ صحابہ (رضوان اللہ علیہم اجمعین)
مترجم	-----	مناظر اسلام علامہ غلام مصطفیٰ نوری
نظر ثانی	-----	ایضاً
کمپوزنگ	-----	محمد ندیم طیب فریدی
صفحات	-----	
تعداد	-----	ایک ہزار
اشاعت	-----	باراول
سن اشاعت	-----	2015
ہدیہ۔	-----	
ناشر	-----	مکتبہ نوریہ رضویہ فیصل آباد

ملنے کا پتہ

مرکزی جامع مسجد شرقیہ رضویہ

بیرون غلہ منڈی ساہیوال۔

0300-6933481

ارسلان احمد اصمعی قادری

فہرست مضامین

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ نمبر
1	ابتدائیہ	11
2	مؤلف کے بارے میں	13
3	انتساب	14
4	بنظر عنایت	15
5	حدیث نمبر 1 حضرت عمر کا فیصلہ رد نہیں کر سکتا	16
6	حدیث نمبر 2: حضرت عمر رضی اللہ عنہ صحیح فیصلہ کرنے والے	17
7	حدیث نمبر 3: حضرت عمر جس کو مضبوط کر دیں	19
8	حدیث نمبر 4: یہ منبر آپ کے باپ کا ہی ہے	19
9	حدیث نمبر 5: حضرت عمر میرے خلیل ہیں	20
10	حدیث نمبر 6 حضرت عمر میرے خلیل صفی صدیق ہیں	21
11	حدیث نمبر 7 حضرت عمر رضی اللہ عنہ خیر خواہ ہیں	23
12	حدیث نمبر 8 یہ چادر مجھے حضرت عمر نے پہنائی ہے۔	24
13	حدیث نمبر 9: یہ قباء چادر مجھے حضرت عمر نے پہنائی ہے	24
14	حدیث نمبر 10: حضرت علی رضی اللہ عنہ کا حضرت عمر کی یاد میں رونا	25
15	حدیث نمبر 11: حضرت عمر رضی اللہ عنہ میرے مخلص یار ہیں۔	26

Scanned by CamScanner

16	حدیث نمبر 12: حضرت عمر رضی اللہ عنہ اللہ تعالیٰ کی رضا کے طالب ہیں۔	26
17	حدیث نمبر 13: یہ قبا مجھے حضرت عمر رضی اللہ نے پہنائی ہے۔	27
18	حدیث نمبر 14: حضرت علی رضی اللہ عنہ کا یاد عمر رضی اللہ عنہ میں آنسو بہانا	28
19	حدیث نمبر 15: حضرت علی رضی اللہ عنہ کا فرمان حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے بارہ میں	28
20	فائدہ	29
21	حدیث نمبر 16: حضرت علی المرتضیٰ کی نصیحت	30
22	حدیث نمبر 17: ہماری عمر بھی حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو لگ جائے۔	31
23	حدیث نمبر 18 حضرت عمر رضی اللہ کے بغیر کسی اور پر راضی نہیں ہوں گا	32
24	حدیث نمبر 19 اے عمر رضی اللہ آپ پاکباز ہیں	33
25	حدیث نمبر 20 حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ نے حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کی تعریف کی	34
26	حدیث نمبر 21 حضرت ابو بکر صدیق بہترین خلیفہ ہیں	36
27	حدیث نمبر 22 حضرت ابو بکر صدیق نے ہم پر مہربانیاں فرمائی ہیں	37

Scanned by CamScanner

28	حدیث نمبر 23 حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کی کوئی مثل نہیں بن سکتا	38
29	حدیث نمبر 24 امام جعفر صادق رضی اللہ نے فرمایا ابو بکر و عمر رضی اللہ عنھما میرے امام و ہادی ہیں	38
30	فائدہ	39
31	حدیث نمبر 25 امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ابو بکر و عمر سے محبت کرو	39
32	حدیث نمبر 26 حضرت محمد باقر رضی اللہ عنہ نے فرمایا ابو بکر و عمر سے محبت کرو	40
33	حدیث نمبر 27 امام محمد باقر رضی اللہ نے فرمایا ابو بکر و عمر نے ہم پر ایک ذرہ بھی ظلم نہیں کیا	40
34	حدیث نمبر 28 امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں ابو بکر و عمر سے محبت کرتا ہوں	42
35	حدیث نمبر 29: امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ کی حضرت ابو بکر و عمر سے شدید محبت	43
36	حدیث نمبر 30 امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ مجھے دو بار جنم دیا ہے	43
37	حدیث نمبر 31 ایک رافضی کو فرمایا اگر مجھے طاقت مل جائے تو میں تیرے ہاتھ پاؤں کاٹ دوں	44
38	حدیث نمبر 32 رافضی دین سے نکل گئے	45
39	فائدہ	46

46	حدیث نمبر 33 جو کوئی حضرت ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما کی فضیلت کو نہ پہچانے وہ جاہل ہے	40
46	فائدہ	41
46	حدیث نمبر 34 امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی قرابت کی وجہ مجھے نفع ہو گیا	42
48	فائدہ	43
48	حدیث نمبر 35 امام زین العابدین کا فرمان ہے	44
49	فائدہ	45
49	حدیث نمبر 36 امام زین العابدین کا شیخین کریمین پر اعتراض کرنے والوں کو ڈانٹنا	46
51	حدیث نمبر 37 امام محمد باقر رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما سے محبت کرتا ہوں	47
52	فائدہ	48
52	حدیث نمبر 38 اہل بیت کرام حضرت ابو بکر و عمر عنہما کے بارے میں دعا رحمت کرتے تھے	49
53	حدیث نمبر 39 جس نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو وسلیہ بنایا	50
54	حدیث نمبر 40 حضرت عمر رضی اللہ عنہ مجھ سے بہتر تھے	51
56	حدیث نمبر 41 امام محمد باقر رضی اللہ عنہ نے فرمایا حضرت ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما سے بغض کرنا منافقت ہے	52

Scanned by CamScanner

57	فائدہ	53
57	حدیث نمبر 42 امام محمد باقر رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما کو دوست رکھتا ہوں	54
58	حدیث نمبر 43 امام محمد باقر رضی اللہ عنہ نے فرمایا جو کوئی حضرت ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما کی گستاخی کرے تو وہ بے دین ہے	55
58	فائدہ	56
59	حدیث نمبر 44 امام محمد باقر رضی اللہ عنہ نے فرمایا جو حضرت ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما سے بیزار ہے وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے بھی بیزار ہے	57
59	حدیث نمبر 45 وہی کر جو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کیا ہے	58
60	فائدہ	59
60	حدیث نمبر 46 امام زین العابدین رضی اللہ عنہ کا حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کی تصدیق کرنا	60
61	حدیث نمبر 47 خارجی بھی کوئی حضرت ابو بکر و عمر پر کوئی اعتراض نہ کر سکے	61
62	حدیث نمبر 48 جو حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کا نہیں وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کا بھی نہیں	62
62	حدیث نمبر 49 حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کا نام خود رسول اللہ ﷺ نے رکھا ہے	63

Scanned by CamScanner

64	حدیث نمبر 50 حضرت ابو صدیق رضی اللہ عنہ امام الشاکرین ہیں	63
65	حدیث نمبر 51 حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ ثانی اثنین ہیں	64
66	حدیث نمبر 52 حضرت ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما نے میرے نزدیک علی المرتضی رضی اللہ عنہ سے بھی افضل ہیں	65
67	حدیث نمبر 53 جو کوئی حضرت ابو و بکر و عمر رضی اللہ عنہما کے لئے دعا رحمت نہ کرے اس پر رحمت نازل نہ ہو	65
68	حدیث نمبر 54 حضرت بن حسن رضی اللہ عنہ کا گستاخان صحابہ کو سخت سرزنش کرنا	66
69	حدیث نمبر 55 ابو بکر و عمر عنہما پر رحمت نازل ہو	67
70	حدیث نمبر 56 ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما کے بے ادب کی توبہ بھی قبول نہیں	67
71	فائدہ	68
72	حدیث نمبر 57 میں ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما کے وسیلے قرب الٰہی کا طالب ہون	68
73	حدیث نمبر 58 حضرت ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما کا ذکر، خیر سے کرو	69
74	حدیث نمبر 59 اہلبیت رضوان اللہ اجمعین کی گواہی	70
75	فائدہ	71

Scanned by CamScanner

76	حدیث نمبر60 امام زین العابدین رضی اللہ عنہ کا شان ابو بکر رضی اللہ عنہ کو بیان کرنا	71
77	فائدہ	73
78	حدیث نمبر61 امام محمد باقر رضی اللہ عنہ نے فرمایا ابو بکر صدیق ہیں	73
79	حدیث نمبر62: تمام اہل بیت کرام حضرت ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما سے محبت کرتے ہیں	74
80	حدیث نمبر63: اللہ تعالیٰ اس سے بری ہے جو ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما سے بری ہے۔	75
81	حدیث نمبر64: حضرت ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما کا ذکر خیر کے ساتھ کرو	75
82	حدیث نمبر65: میں ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما کے دشمن سے بے زار ہوں	76
83	حدیث نمبر66: میں ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما سے محبت کرتا ہوں	77
84	حدیث نمبر67: جو حضرت ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما کا ذکر، خیر کے ساتھ نہ کرے میں اس سے بری ہوں	78
85	فائدہ از مترجم	79
86	حدیث نمبر68: آل ابو بکر کو آل محمد ﷺ کہا جاتا تھا	79
87	حدیث نمبر69: ایضاً	80

Scanned by CamScanner

88	حدیث نمبر70: ایضاً	81
89	حدیث نمبر71: حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کا عطیہ	81
90	حدیث نمبر72: ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ اسلام میں سب سے افضل ہیں۔	82
91	حدیث نمبر73: حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کا اسلام سب سے بہتر ہے	83
92	حدیث نمبر74: ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما میرے لئے بمنزلہ والد کے ہیں	84
93	حدیث نمبر75: ابو بکر عمر رضی اللہ عنہما جنتی ہیں۔	84

Scanned by CamScanner

ابتدائیہ

بسم اللہ الرّحمٰن الرّحیم

امام محدث علامہ دار قطنی علیہ الرحمہ نے یہ جزء بنام فضائل الصحابہ بڑا شاندار تحریر فرمایا ہے۔ اس جزء کی اکثر روایات اہل بیت کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سے مروی ہیں۔ جس میں صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی شان و عظمت ہے خصوصاً اکثر روایات میں شیخین کریمین حضرت سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت سیدنا عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کی عظمت و مقام کا بیان ہے۔ امام دار قطنی علیہ الرحمہ نے اس رسالہ میں شیخین کریمین کی فضلیت اہل بیت رضوان اللہ علیہم اجمعین کی زبانی بیان کی ہے نہ صرف ہے افضلیت کا بیان ہے بلکہ صحابہ کرام کے دشمن خصوصاً شیخین کریمین کے دشمن سے اہل بیت اطہار کا بیزار ہونا بھی بیان کیا ہے۔ الغرض یہ رسالہ انشاء اللہ تعالیٰ اہل ایمان کیلئے مزید تقویت کا باعث ہو گا۔ اور شاید منکر معاند کیلئے بھی ہدایت کا سبب بن جائے اگر وہ بنظر انصاف اس کا مطالعہ کریں۔ بندہ ناچیز حقیر پر تقصیر کو اس عظیم الشان رسالہ کے ترجمہ کی سعادت نصیب ہوئی ہے۔ اہل علم و عرفان اگر کوئی کوتاہی دیکھیں تو درگزر فرمائیں اور اصلاح کر دیں۔ اللہ تعالیٰ جزاء خیر عطا فرمائے آمین۔ ترجمہ تحت اللفظ نہیں کیا۔ بلکہ با محاورہ ترجمہ کیا ہے۔ ترجمہ

Scanned by CamScanner

میں بریکٹ میں جو الفاظ ہیں یا لفظ فائدہ کے تحت جو کچھ ہے وہ مترجم کی طرف سے ہے۔ اور ترجمہ کے دوران، الفاظِ ادب وآداب جیسے حضرت، یا امام، رضی اللہ عنہ یا رضوان اللہ علیہم اجمعین یہ بھی مترجم کی طرف سے ہیں۔ اور اہل علم کے ذوق کیلئے کتاب کے آخر میں اصل رسالہ عربی متن کے ساتھ بھی ملحق کر دیا ہے۔ تاکہ محققین علماء کرام کے ذوق وشوق کے مطابق اس کا مطالعہ فرما سکیں۔ اللہ تعالیٰ اس ترجمہ کو بھی اپنی بارگاہ میں اپنے محبوب علیہ الصلوۃ السلام کی بارگاہ میں قبول فرمائے آمین۔

(گر قبول افتد زہے عز و شرف)

Scanned by CamScanner

نام کتاب: فضائل الصحابہ

مؤلف: امام ابو الحسن علی بن عمر دار قطنی

ولادت، 306 ہجری، وفات 385 ہجری

آپ کے القابات، امام حافظ مُجَوِّد، شیخ الاسلام، المقری، محدث وغیرہ۔ آپ ائمہ کرام کے نزدیک علل حدیث اور رجال کے عارف ہیں۔ اور کثیر التصانیف ہیں۔ بغداد شریف میں حضرت سیدنا معروف کرخی رضی اللہ عنہ کے مزار مبارک کے پاس آپ کا مزار ہے، اللہ تعالیٰ بے شمار رحمتیں نازل فرمائے آمین۔

مترجم: علامہ غلام مصطفےٰ نوری

خطیب جامع مسجد شرقیہ رضویہ بیرون غلہ منڈی ساہیوال

Scanned by CamScanner

انتساب

بندہ ناچیز ناکارہ خلائق اپنی اس حقیر کوشش کو پنجتن پاک کی ذوات قدسیہ مبارکہ مطھرہ منورہ کی طرف انتساب کا شرف حاصل کرتا ہے۔ جن کی محبت ومودت فرض ولازم ہے۔ جن کی غلامی نجات کی سند ہے۔ جن کی اتباع واطاعت قربِ خداوندی کا وسیلہ ہے۔ جن کی محبت وتعظیم وادب واحترام کے بغیر ایمان کا تصور بھی نہیں کیا جاسکتا۔ جنت ان کی جاگیر ہے۔ اور ہم ان کے سبھی ماننے والے ان کے در کے بھکاری ہیں۔ اللہ تعالیٰ پنجتن پاک کا صدقہ اس ترجمہ کو قبول خاص وعام عطا فرمائے۔ اور اپنی اور اپنے محبوب علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بارگاہ اقدس میں قبول فرمائے میرے لیے میرے اساتذہ مشائخ ماں باپ کیلئے اور معاونین کیلئے وسیلہء مغفرت فرمائے آمین۔ بجاہ سید الا انبیاء والمرسلین صلی اللہ علیٰ خیر خلقہ سیدنا ومولانا محمد وآلہِ واصحابہ وازواجہ واولادہ وانصارہ ومعھم علینا اجمعین۔

Scanned by CamScanner

بنظر عنایت

پیر طریقت رہبر شریعت عمدۃ المحققین مخدوم العلماء عارف ربانی جامع شریعت
و طریقت ولی کامل عاشق رسول حضور قبلہ سیدی و مرشدی
خواجہ ابو الحقائق محمد رمضان محقق نوری قادری علیہ الرحمہ
آستانہ عالیہ نوریہ قادریہ حویلی لکھا

Scanned by CamScanner

بسم اللّٰہ الرّحمٰن الرّحیم

حدیث نمبر 1:

أَخْبَرَنَا الشَّيْخُ الصَّالِحُ أَبُو بَكْرٍ مِسْمَارُ بْنُ عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْعُوَيْسِ النَّيَّارُ الْمُقْرِئُ الْبَغْدَادِيُّ، بِقِرَاءَةِ الْحَافِظِ جَلَالِ الدِّينِ أَبِي إِسْحَاقَ إِبْرَاهِيمَ ابْنِ الْقَاضِي السَّعِيدِ أَبِي عَمْرٍو عُثْمَانَ بْنِ عِيسَى بْنِ دُرْبَاسَ الْمَارَانِيِّ عَلَيْهِ بِإِرْبِلَ فِي يَوْمِ الْأَرْبِعَاءَ رَابِعَ عَشَرَ رَبِيعٍ الْأَوَّلِ مِنْ سَنَةِ أَرْبَعَ عَشْرَ وَسِتِّمِائَةٍ، قَالَ: أَنَا الْقَاضِي أَبُو الْفَضْلِ مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ يُوسُفَ الْأُرْمَوِيُّ، بِقِرَاءَةِ أَبِي الْحَسَنِ عَلِيٍّ ابْنِ الْقَوَارِيرِيِّ عَلَيْهِ فِي صَفَرَ سَنَةَ سَبْعٍ وَأَرْبَعِينَ وَخَمْسِمِائَةٍ، قَالَ: أَنَا الشَّرِيفُ أَبُو الْغَنَائِمِ عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَلِيِّ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْفَضْلِ ابْنِ الْمَأْمُونِ أَيَّدَهُ اللَّهُ، قَالَ أَنَا أَبُو الْحَسَنِ عَلِيُّ بْنُ عُمَرَ بْنِ أَحْمَدَ بْنِ مَهْدِيٍّ الدَّارَقُطْنِيُّ الْحَافِظُ، قِرَاءَةً عَلَيْهِ وَأَنَا أَسْمَعُ يَوْمَ الثُّلَاثَاءِ لِسِتٍّ بَقِينَ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ مِنْ سَنَةِ خَمْسٍ وَثَمَانِينَ وَثَلَاثِمِائَةٍ، قَالَ: نَا أَحْمَدُ بْنُ نَصْرِ بْنِ سَنْدَوَيْهِ حَبْشُونُ الْبِنْدَارُ قَالَ: نَا يُوسُفُ بْنُ مُوسَى قَالَ: نَا أَبُو أُسَامَةَ، قَالَ: إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ السَّبِيعِيِّ، أَنَّ أَهْلَ نَجْرَانَ أَتَوْا عَلِيًّا عَلَيْهِ السَّلَامُ فَقَالُوا: نَنْشُدُكَ اللَّهَ وَشَفَاعَتَكَ لَنَا إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا رَجَعْتَنَا إِلَى

Scanned by CamScanner

أَرْضِنَا، فَإِنَّ عُمَرَ أَجلَانَا مِنْهَا. فَقَالَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ: إِنَّ عُمَرَ كَانَ رَشِيدَ الْأَمْرِ، وَلَا أَرُدُّ قَضَاءً قَضَاهُ عُمَرُ

ہمیں خبر دی احمد بن نصر بن بن سندویہ حبشون البندار نے کہا ہمیں خبر دی یوسف بن موسیٰ نے کہا ہمیں خبر دی ابو اسامہ نے کہا اسماعیل بن ابی خالد نے ابو اسحاق سبعی سے۔ بلاشبہ اہل نجران حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی ہم آپ کو اللہ کی اور اس شفاعت کی قسم دیتے ہیں۔ جو آپ نے ہمارے لیے رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں کی ہے۔ آپ ہمیں ہماری زمینوں کی طرف واپس کر دیں۔ کیونکہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے تو ہمارے لیے وقت مقرر کر دیا ہے۔ تو حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا۔ بے شک حضرت عمر رضی اللہ عنہ صحیح فیصلہ فرمانے والے ہیں۔ اور میں اس فیصلہ کو رد نہیں کر سکتا جو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کیا۔

حدیث نمبر 2:

حَدَّثَنَا أَبُو مُحَمَّدٍ يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَاعِدٍ قَالَ: نَا يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: نَا هُشَيْمٌ، قَالَ: نَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبِي خَالِدٍ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، أَنَّ أَهْلَ نَجْرَانَ كَلَّمُوا عَلِيًّا رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ فِي إِجْلَاءِ عُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ إِيَّاهُمْ، قَالُوا: رُدَّنَا إِلَى بِلَادِنَا، فَأَبَى فَقَالُوا: نَنْشُدُكَ اللَّهَ وَشَفَاعَتَكَ لَنَا إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: وَقَدْ كَانَ شَفَعَ لَهُمْ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ

وَسَلَّمَ فَقَالَ: إِنَّ عُمَرَ كَانَ رَشِيدَ الْأَمْرِ وَلَنْ نَرُدَّ قَضَاءً قَضَى بِهِ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

ہمیں بیان کیا ابو محمد یحیٰی بن محمد بن صاعد نے کہا ہمیں خبر دی یعقوب بن ابراہیم نے کہا ہمیں خبر دی ھُشیم نے کہا ہمیں خبر دی اسماعیل بن ابی خالد نے ابو اسحاق (سبیعی) سے۔ کہ اہل نجران نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں عرض کی کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان کیلئے وقت مقرر کر دیا ہے۔ آپ ہمیں ہمارے شہروں کی طرف واپس پھیر دیں۔ ہم آپ کو اللہ کی قسم اور اس شفاعت کی قسم دیتے ہیں۔ جو آپ نے رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں ہمارے لیے کی ہے تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا حضرت عمر رضی اللہ عنہ بے شک صحیح فیصلہ کرنے والے ہیں ہم ہرگز ان کا فیصلہ رد نہیں کر سکتے۔

فائدہ: دونوں روایات سے بالکل واضح ہے کہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے قلب ونگاہ میں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ اور آپ کے فیصلے بڑے جلیل القدر اور اعظیم الشان ہیں کہ آپ ان کو اس حد تک درست مانتے ہیں اور فرماتے ہیں کہ ہم حضرت عمر کے فیصلے رد نہیں کرتے۔ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ تو فرماتے ہیں کہ ہمیں حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے فیصلے قبول ہیں۔ اور بالکل درست ہیں اور ہم رد نہیں کرتے لیکن آپ سے محبت کے کچھ مدعی غالی قسم کے لوگ اگر آپ کے فیصلے کو نہ مانیں تو وہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے سچے محب تو نہ ہوئے۔

Scanned by CamScanner

حدیث نمبر3:

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَنْصُورِ بْنِ أَبِي الْجَهْمِ , نَا السَّرِيُّ بْنُ عَاصِمٍ، قَالَ: نَا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ أَرْطَأَةَ، عَنْ مَنْ، أَحَبُّوهُ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، قَالَ: قَالَ عَلِيٌّ عَلَيْهِ السَّلَامُ: «لَمْ أَكُنْ لِأَحُلَّ عُقْدَةً عَقَدَهَا عُمَرُ عَلَيْهِ السَّلَامُ۔

ہمیں بیان کیا محمد بن منصور بن ابی جہم نے کہا ہمیں خبر دی سری بن عاصم نے کہا ہمیں خبر دی ابو معاویہ نے حجاج بن ارطاہ سے اس سے روایت کی جس کو انہوں نے پسند کیا ہے۔ اس نے شعبی سے امام شعبی نے فرمایا کہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا، میں اس گرہ کو کھولنے والا نہیں ہوں۔ جس کو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مضبوط کیا ہے۔

فائدہ: یعنی حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے فیصلے بڑے درست اور مضبوط ہیں

حدیث نمبر4۔

حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدٍ، قَالَ: نَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَرْوَانَ، قَالَ: نَا أَبِي قَالَ: حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ عِيسَى بْنِ زَيْدِ بْنِ عَلِيٍّ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي حُسَيْنُ بْنُ عِيسَى، عَنْ عَلِيِّ بْنِ عُمَرَ بْنِ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: قَالَ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا وَهُوَ

عَلَى الْمِنْبَرِ: انْزِلْ عَنْ مِنْبَرِ أَبِي، فَقَالَ: مِنْبَرُ أَبِيكَ وَاللَّهِ لَا مِنْبَرَ أَبِي، قَالَ عَلِيٌّ: وَاللَّهِ مَا أَمَرْتُ بِذَلِكَ. فَقَالَ عُمَرُ: وَاللَّهِ مَا اتَّهَمْنَاكَ۔

ہمیں بیان کیا احمد بن محمد بن سعید نے کہا ہمیں خبر دی جعفر بن محمد بن مروان نے کہا ہمیں خبر دی والد نے کہا مجھ سے بیان کیا علی بن حسین بن عیسی بن زید بن علی نے کہا مجھ سے بیان کیا ہے ابو حسین بن عیسیٰ نے علی بن عمر بن علی بن حسین سے انہوں نے جعفر بن محمد سے انہوں نے اپنے والد گرامی سے انہوں نے اپنے دادا سے کہا کہ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ بن علی رضی اللہ عنہ نے (اپنے بچپن میں) حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کو کہا جبکہ وہ منبر پر تشریف فرما تھے میرے باپ کے منبر سے اتریئے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا اللہ کی قسم، اللہ کی قسم یہ آپ کے باپ کا ہی منبر ہے میرے باپ کا نہیں ہے تو حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا اللہ کی قسم حسین رضی اللہ عنہ کو میں نے یہ نہیں کہا، تو حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے فرمایا، اے علی رضی اللہ عنہ قسم بخدا ہم آپ پر کسی قسم کا کوئی الزام نہیں لگاتے۔

حدیث نمبر 5:

وَحَدَّثَنَا أَبُو عَلِيٍّ هُبَيْرَةُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَحْمَدَ بْنِ هُبَيْرَةَ الشَّيْبَانِيُّ قَالَ: حَدَّثَنَا أَبُو مَيْسَرَةَ أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَيْسَرَةَ بِنَهَاوَنْدَ قَالَ: حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، قَالَ: أَنَا خَلَفُ بْنُ حَوْشَبٍ، عَنْ أَبِي السَّفَرِ، قَالَ: قَالَ عَلِيٌّ عَلَيْهِ السَّلَامُ: إِنَّ عُمَرَ نَاصَحَ لِلَّهِ،

Scanned by CamScanner

فَنَاصَحَهُ اللّٰهُ قَالَ: وَرُئِيَ عَلَى عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلَامُ بُرْدٌ فَقَالَ: كَسَانِيهِ خَلِيلِي عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ۔

اور ہمیں بیان کیا ابو علی ہبیرہ بن محمد بن احمد بن ہبیرہ شیبانی کہا ہمیں بیان کیا ابو میسرہ احمد بن عبد اللہ بن میسرہ نے (نہاوند میں) کہا ہمیں بیان کیا مروان بن معاویہ نے کہا کہ ہمیں خبر دی خلف بن حوشب نے ابو سفر سے کہا کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا بلاشبہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اللہ تعالیٰ کی رضا کیلئے خیر خواہی کی ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کی بھی خیر کرے اور کہا کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ پر ایک چادر تھی تو آپ نے فرمایا یہ چادر مجھے میرے خلیل حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پہنائی ہے۔

فائدہ: حضرت علی المرتضیٰ شیر خدا حیدر کرار مشکل کشا رضی اللہ عنہ، تو فرماتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ خیر خواہی کرنے والے ہیں اور اللہ تعالیٰ کی رضا کے طالب ہیں، اور میرے بڑے گہرے دوست مگر بعض بد نصیب لوگ من گھڑت قسم کی کہانیاں اور قصے لوگوں کو سنا کر یہ ثابت کرنا چاہتے ہیں کہ معاذ اللہ ان کے درمیاں محبت نہیں تھی۔ اللہ تعالیٰ ایسے بد نصیب لوگوں کے شر سے بچائے آمین۔

حدیث نمبر 6: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَهْلِ بْنِ الْفَضْلِ الْكَاتِبُ، قَالَ: نَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ، قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَازِمٍ، عَنْ خَلَفِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ أَبِي السَّفَرِ، قَالَ: رُئِيَ عَلَى عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلَامُ بُرْدٌ كَانَ يُكْثِرُ لُبْسَهُ، فَقِيلَ لَهُ: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ إِنَّكَ لَتُكْثِرُ لُبْسَ

هَذَا الْبُرْدِ، قَالَ: إِنَّهُ كَسَانِيهِ خَلِيلِي وَصَفِيِّي وَصَدِيقِي وَخَاصَّتِي عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ، إِنَّ عُمَرَ نَاصَحَ اللَّهَ، فَنَصَحَهُ اللَّهُ، قَالَ: ثُمَّ بَكَى حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ، قَالَ: نَا مُوسَى بْنُ إِسْحَاقَ، قَالَ: نَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، قَالَ: نَا أَبُو مُعَاوِيَةَ , عَنْ خَلَفِ بْنِ [37] حَوْشَبٍ , عَنْ أَبِي السَّفَرِ، قَالَ: رُئِيَ عَلَى عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلَامُ بُرْدٌ، ثُمَّ ذَكَرَ مِثْلَهُ۔

ہمیں بیان کیا محمد بن سہل بن فضل کاتب نے کہا ہمیں خبر دی حسن بن علی نے کہا ہمیں بیان کیا محمد بن خازم نے خلف بن حوشب سے انہوں نے ابوالسفر کہا کہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ پر ایک چادر دیکھی گئی جو آپ اکثر پہنتے تھے تو آپ کی خدمت میں اس چادر کے اکثر پہننے کی وجہ سے عرض کی گئی تو آپ نے فرمایا۔یہ چادر مجھے میرے خلیل، صفی، صدیق، اور میرے (یار) خاص عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے پہنائی ہے، بلاشبہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اللہ کی رضا کیلئے خیر خواہی کی ہے اللہ تعالیٰ آپ کی بھی خیر کرے پھر آپ رو دیئے۔
ہمیں بیان کیا جعفر بن محمد واسطی نے کہا ہمیں خبر دی موسی بن اسحاق نے کہا ہمیں خبر دی ہے ابو بکر بن ابی شیبہ نے کہا ہمیں خبر دی ہے ابو معاویہ نے خلف بن حوشب سے انہوں نے ابوالسفر سے کہا حضرت علی رضی اللہ عنہ پر چادر دیکھی گئی پھر اسی مذکورہ روایت کی طرح بیان کیا۔

فائدہ: حضرت مولیٰ علی شیر خدا رضی اللہ عنہ نے اس روایت میں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو یہ القابات دیئے۔ خلیل جس کا معنی ہے بڑا گہرا دوست ہے

، صفی صدق وخلوص والہ صدیق سچا خاصتی ۔ میرا یار خاص ۔ اللہ کی رضا کے طالب خیر خواہی چاہنے والے ، پھر آپ کا ذکر کر کے آپ کی یاد میں آنسو بہانا، اس سے اہل ایمان کیلئے یہ جاننا بالکل واضح ہے کہ حضرت علی المرتضی رضی اللہ عنہ حضرت عمر فاروق اعظم رضی اللہ عنہ سے بڑی گہری اور بڑی شدید محبت کرنے والے ہیں۔

حدیث نمبر7: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ يَعْقُوبَ بْنِ شَيْبَةَ، قَالَ: ثنا جَدِّي، ثنا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْأَحْوَلُ، ثنا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنْ أَبِي السَّفَرِ، قَالَ: رُئِيَ عَلَى عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلَامُ ثَوْبٌ يُكْثِرُ لُبْسَهُ، فَقِيلَ لَهُ: إِنَّكَ تُكْثِرُ لُبْسَ هَذَا الثَّوْبِ، فَقَالَ: أَجَلْ إِنَّهُ كَسَانِيهِ أَخِي وَصَدِيقِي وَصَفِيِّي: عُمَرُ، إِنَّ عُمَرَ نَصَحَ اللَّهَ، فَنَصَحَهُ۔

ہمیں بیان کیا محمد بن احمد بن یعقوب بن شیبہ نے کہا ہمیں بیان کیا ہمارے دادا نے کہا ہمیں بیان کیا احمد بن یحیٰ احول نے کہا ہمیں بیان کیا ابو معاویہ نے ابوالسفر سے کہا کہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ پر ایک چادر تھی جس کو آپ اکثر زیب تن فرماتے تھے۔ اس سلسلے میں آپ کو گزارش کی گئی تو آپ نے فرمایا ہاں یہ اس لیے میں پہنتا ہوں کہ یہ مجھے میرے بھائی ، میرے دوست ، میرے مخلص حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے پہنائی ہے بلاشبہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے خیر خواہی کی ہے اللہ تعالیٰ ان کی بھی خیر کرے۔

فائدہ: پچھلی روایت میں حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے جتنے القابات مروی ہیں اس روایات میں (اخی) میرے بھائی کے لقب کا بھی اضافہ ہے۔

Scanned by CamScanner

حدیث نمبر 8: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ، قَالَ: نَا جَدِّي، قَالَ: نَا يَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ، قَالَ: نَا خَلَفُ بْنُ حَوْشَبٍ، عَنْ أَبِي السَّفَرِ، قَالَ: خَرَجَ عَلِيٌّ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَعَلَيْهِ بُرْدٌ. فَقَالَ: هٰذَا كَسَانِيهِ خَلِيلِي عُمَرُ، إِنَّ عُمَرَ نَاصَحَ فَنَاصَحَهُ اللّٰهُ۔

ہمیں بیان کیا محمد بن احمد نے کہا مجھے میرے دادا نے بیان کیا کہا ہمیں خبر دی یعلیٰ بن عبید نے کہا ہمیں خبر دی خلف بن حوشب نے ابوالسفر سے کہا کہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ باہر تشریف لائے آپ نے چادر زیب تن فرمائی ہوئی تھی۔ تو آپ نے فرمایا یہ چادر مجھے میرے خلیل حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پہنائی ہے بلاشبہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے خیر خواہی کی ہے۔ اللہ تعالیٰ بھی ان کی خیر فرمائے۔

حدیث نمبر 9:

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ، قَالَ: نَا جَدِّي، قَالَ: نَا شَاذَانُ، قَالَ: نَا شَرِيكٌ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، قَالَ: رُئِيَ عَلَى عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلَامُ بُرْدٌ وَقَبَاءٌ فَقَالَ: كَسَانِيهِ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ

ہمیں بیان کیا محمد بن احمد نے کہا مجھے میرے دادا نے بیان کیا، کہا ہمیں خبر دی شاذان نے کہا ہمیں خبر دی شریک نے ابو اسحاق سے کہا کہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ پر ایک چادر اور قبا دیکھی گئی۔ تو آپ نے فرمایا، یہ چادر اور قبا مجھے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پہنائی ہے۔

فائدہ: اس روایت میں چادر کے ساتھ قبا کا بھی ذکر ہے

Scanned by CamScanner

حدیث نمبر10:

حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَلِيٍّ، قَالَ: نَا عَبْدُ اللهِ بْنُ قُرَيْشٍ، قَالَ: وَجَدْتُ سَمَاعَ الْفَرَجِ بْنِ الْيَمَانِ، نَا عَلِيُّ بْنُ ثَابِتٍ، عَنْ مَنْصُورِ بْنِ دِينَارٍ، عَنْ خَلَفِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ شُرَحْبِيلَ، قَالَ: خَرَجَ إِلَيْنَا عَلِيٌّ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَعَلَيْهِ بُرْدٌ فَقَالَ: هَذَا بُرْدٌ كَسَانِيهِ خَلِيلِي عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ عَلَيْهِ السَّلَامُ، ثُمَّ رَفَعَ الْبُرْدَ، فَقَنَّعَ بِهِ رَأْسَهُ، ثُمَّ بَكَى حَتَّى [40] ظَنَنَّا أَنَّ نَفْسَهُ خَارِجَةٌ مِنْ جَنْبَيْهِ

حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْوَاسِطِيُّ، قَالَ: نَا مُوسَى بْنُ إِسْحَاقَ، قَالَ: نَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، قَالَ: نَا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنْ خَلَفِ بْنِ حَوْشَبٍ، عَنْ أَبِي السَّفَرِ، قَالَ: رُئِيَ عَلَى عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلَامُ بُرْدٌ، ثُمَّ ذَكَرَ مِثْلَهُ

ہمیں بیان کیا اسماعیل بن علی نے کہا ہمیں خبر دی عبداللہ بن قریش نے کہا کہ پایا ہے میں نے سماع فرج بن یمان کا۔(یعنی میں نے ان سے سنا ہے) کہا ہمیں خبر دی علی بن ثابت نے منصور بن دینار سے انہوں نے خلف بن حوشب سے انہوں نے عمر بن شرحبیل سے کہا کہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ ہمارے پاس تشریف فرما ہوئے۔ اور آپ نے چادر زیب تن فرمائی ہوئی تھی، آپ نے فرمایا یہ چادر مجھے میرے خلیل عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے پہنائی ہے۔ پھر آپ نے اس چادر کو اٹھایا اور ایک کونہ ذرا مروڑا پھر آپ رو دیئے اتنا روئے کہ ہم نے خیال کیا کہ کہیں آپ وصال ہی نہ فرما جائیں۔ ہمیں بیان کیا جعفر بن محمد واسطی نے کہا

ہمیں خبر دی موسیٰ بن اسحاق نے کہا ہمیں خبر دی ابو بکر بن شیبہ نے کہا ہمیں خبر دی ابو معاویہ نے خلف بن حوشب سے انہوں نے ابوالسفر سے کہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ پر ایک چادر دیکھی گئی پھر پچھلی روایت کی طرف بیان کیا۔

حدیث نمبر 11:

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ يَعْقُوبَ بْنِ شَيْبَةَ، قَالَ: نَا جَدِّي، قَالَ: نَا أَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى الْأَحْوَلُ، قَالَ: نَا أَبُو مُعَاوِيَةَ , عَنْ خَلَفِ بْنِ حَوْشَبٍ , عَنْ أَبِي السَّفَرِ، قَالَ: رُئِيَ عَلَى عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلَامُ ثَوْبٌ يُكْثِرُ لُبْسَهُ، فَقِيلَ لَهُ: إِنَّكَ تُكْثِرُ لُبْسَ هَذَا الثَّوْبِ. فَقَالَ: أَجَلْ إِنَّهُ كَسَانِيهِ أَخِي وَصَدِيقِي وَصَفِيِّي عُمَرُ، إِنَّ عُمَرَ نَصَحَ اللَّهَ فَنَصَحَهُ اللَّهُ

ہمیں بیان کیا محمد بن احمد بن یعقوب بن شیبہ نے کہا مجھ سے میرے دادا نے بیان کیا ہمیں خبر دی احمد بن یحییٰ احول نے کہا ہمیں خبر دی ابو معاویہ نے خلف بن حوشب سے انہوں نے ابوالسفر سے کہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ پر ایک چادر دیکھی گئی جس کو آپ اکثر پہنتے تھے اس بارے میں عرض کی گئی تو آپ نے فرمایا ہاں میں یہ اس لیے پہنتا ہوں کہ یہ چادر مجھے میرے بھائی اور دوست اور میرے مخلص حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پہنائی ہے۔

حدیث نمبر 12:

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ، قَالَ: حَدَّثَنِي جَدِّي، قَالَ: نَا يَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ، قَالَ: نَا خَلَفُ بْنُ حَوْشَبٍ , عَنْ أَبِي السَّفَرِ، قَالَ: خَرَجَ عَلِيٌّ

عَلَيْهِ السَّلَامُ وَعَلَيْهِ بُرْدٌ، فَقَالَ: كَسَانِيهِ خَلِيلِي عُمَرُ، إِنَّ عُمَرَ نَاصَحَ اللّٰهَ فَنَاصَحَهُ اللّٰهُ

ہمیں بیان کیا محمد بن احمد نے کہا مجھ سے میرے دادا نے کہا کہ مجھے خبر دی یعلیٰ بن عبید نے کہا ہمیں خبر دی خلف بن حوشب نے ابو السفر سے کہا کہ حضرت علی المرتضی رضی اللہ عنہ تشریف لائے اور آپ نے ایک چادر زیب تن فرمائی ہوئی تھی۔ تو آپ نے فرمایا، یہ چادر مجھے میرے خلیل حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پہنائی ہے۔ بلاشبہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اللہ تعالیٰ کی رضا کیلئے خیر خواہی فرمائی ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کی بھی خیر فرمائے۔

حدیث نمبر 13:

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ، قَالَ: نَا جَدِّي، قَالَ: نَا شَاذَانُ، قَالَ: نَا شَرِيكٌ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، قَالَ: رُئِيَ عَلَى عَلِيٍّ عَلَيْهِ السَّلَامُ بُرْدٌ وَقَبَاءٌ، فَقَالَ: كَسَانِيهِ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

ہمیں بیان کیا محمد بن احمد نے کہا مجھے خبر دی میرے دادا نے کہا ہمیں خبر دی شاذان نے کہا کہ ہمیں خبر دی شریک نے ابو اسحاق سے کہا کہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ پر ایک چادر داور ایک قبا دیکھی گئی تو آپ نے فرمایا یہ مجھے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پہنائی ہے۔

Scanned by CamScanner

حدیث نمبر 14 :

حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَلِيٍّ، قَالَ: نَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ قُرَيْشٍ، قَالَ: وَجَدْتُ فِي سَمَاعِ الْفَرَجِ بْنِ يَمَانٍ، نَا عَلِيُّ بْنُ ثَابِتٍ , عَنْ مَنْصُورِ بْنِ دِينَارٍ , عَنْ خَلَفِ بْنِ حَوْشَبٍ , عَنْ عُمَرَ بْنِ شُرَحْبِيلَ، قَالَ: خَرَجَ إِلَيْنَا عَلِيٌّ عَلَيْهِ السَّلَامُ، وَعَلَيْهِ بُرْدٌ، فَقَالَ: «هَذَا بُرْدٌ كَسَانِيهِ خَلِيلِي عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ عَلَيْهِ السَّلَامُ، ثُمَّ رَفَعَ الْبُرْدَ فَقَنَّعَ بِهِ رَأْسَهُ، ثُمَّ بَكَى حَتَّى ظَنَنَّا أَنَّ نَفْسَهُ خَارِجَةٌ مِنْ بَيْنِ جَنْبَيْهِ

ہمیں بیان کیا اسماعیل بن علی نے کہا کہ ہمیں خبر دی عبد اللہ بن قریش نے کہا میں نے فرج بن یمان کے سماع میں پایا ہے۔ کہا کہ ہمیں خبر دی علی بن ثابت نے منصور بن دینار سے انہوں نے خلف بن حوشب سے انہوں نے عمر بن شرحبیل سے کہا کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ ہمارے پاس تشریف لائے اور آپ نے ایک چادر زیب تن فرمائی ہوئی تھی۔ آپ نے فرمایا، یہ چادر مجھے میرے خلیل حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پہنائی ہے۔ پھر آپ نے چادر اٹھائی اور ایک کونہ مروڑا پھر رو دیئے اتنا روئے کہ ہم یہ خیال کرنے لگ گئے کہ کہیں آپ کا وصال ہی نہ ہو جائے

حدیث نمبر 15 :

حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ الْوَاسِطِيُّ، قَالَ: نَا سَعْدَانُ بْنُ نَصْرٍ أَبُو عُثْمَانَ، قَالَ: نَا أَبُو بَدْرٍ شُجَاعُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنْ خَلَفِ بْنِ

Scanned by CamScanner

حَوْشَبٍ ، عَنْ أَبِي السَّفَرِ، قَالَ: كَانَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ عَلَيْهِ السَّلَامُ يُكْثِرُ لُبْسَ بُرْدٍ لَهُ. فَقِيلَ لَهُ: إِنَّكَ تُكْثِرُ لُبْسَ هَذَا الْبُرْدِ، فَقَالَ: كَسَانِيهِ خَلِيلِي وَحَبِيبِي وَصَفِيِّي عُمَرُ، إِنَّ عُمَرَ نَاصَحَ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ فَنَصَحَهُ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ۔

ہمیں بیان کیا احمد بن محمد بن ابو بکر واسطی نے کہا ہمیں خبر دی سعدان بن نصر ابو عثمان نے کہا ہمیں خبر دی ابو بدر شجاع بن ولید نے خلف بن حوشب سے انہوں نے ابو السفر کہا کہ حضرت علی بن ابی طالب علیہ السلام اپنی ایک چادر اکثر زیب تن فرمایا کرتے تھے۔ اس سلسلے آپ سے عرض کی گئی تو آپ نے ارشاد فرمایا، یہ چادر مجھے میرے خلیل اور میرے محبوب اور میرے مخلص دوست حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پہنائی ہے۔ بے شک عمر رضی اللہ عنہ نے اللہ تعالیٰ کی رضا کیلئے خیر خواہی کی ہے اور اللہ تعالیٰ بھی آپ کی خیر فرمائے۔

فائدہ : امام دار قطنی علیہ الرحمہ نے یہ چادر دوالی روایت تقریباً گیارہ سندوں سے بیان کی ہے جس کے صحیح ہونے میں شک وشبہ نہیں ہے۔ پھر بعض سندوں میں عن سے روایت ہے اور دوسری سند سے تحدیث وسماع کی وضاحت ہو جاتی ہے۔ جس کا فائدہ یہ ہے کہ عن سے روایت کرنے والا راوی اگر مدلیس ہو تو دوسرے طریق جن میں حدثنا یا اخبرنا یا سمعت ہو تو تدلیس کا شبہ ختم ہو جاتا ہے۔ اگرچہ تدلیس کا شبہ متابع سے بھی اٹھ جاتا ہے اگرچہ وہ بھی عن سے ہی روایت ہو۔ پھر کثیر سندوں میں یہ بھی فاہدہ ہوتا ہے۔ کہ روایت میں الفاظ کی کمی بیشی کی بھی وضاحت ہو جاتی ہے۔ جیسے ایک روایت میں حضرت علی المرتضی

رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کیلئے یہ الفاظ ارشاد فرماتے۔ میرے خلیل، اس کے بعد والی روایت میں خلیل کے ساتھ ان الفاظ کا اضافہ ہے ۔ صفی، صدیق، خاصتی، اس کے بعد والی روایت میں (اخی) کا اضافہ ہے۔ اس کے بعد والی روایت میں چادر کے ساتھ قبا کا بھی ذکر ہے۔ اس کے بعد والی رویات میں ساتھ رونے کا بھی ذکر ہے وغیرہ۔

حدیث نمبر 16:

حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ صَالِحٍ الْكُوفِيُّ، قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ، قَالَ: نَا بِشْرُ بْنُ الْوَلِيدِ، قَالَ: نَا أَبُو الْأَحْوَصِ, عَنْ عَلِيِّ بْنِ بَذِيمَةَ, عَنِ الشَّعْبِيِّ، قَالَ: قَالَ عَلِيٌّ لِعُمَرَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُمَا: يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ ! إِنْ سَرَّكَ أَنْ تَلْحَقَ بِصَاحِبَيْكَ، فَاقْصُرِ الْأَمَلَ، وَكُلْ دُونَ الشِّبَعِ، وَانْكُسِ الْإِزَارَ، وَارْقَعِ الْقَمِيصَ، وَاخْصِفِ النَّعْلَ تَلْحَقْ بِهِمَا

ہمیں بیان کیا حسن بن احمد بن صالح کوفی نے کہا ہمیں خبر دی علی بن عبد الحمید نے کہا ہمیں خبر دی بشر بن ولید نے کہا ہمیں خبر دی ابو الاحوص نے علی بن بذیمۃ سے انہوں نے شعبی سے کہا کہ حضرت علی المرتضی رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے فرمایا اے امیر المومنین اگر آپ بخوشی اپنے دو صاحبوں (یعنی حضرت محمد ﷺ اور حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ) سے ملنا چاہتے ہیں

Scanned by CamScanner

تو اپنی امید کو کم کریں۔ اور کھانا شکم سیر ہو کر نہ کھائیں اور چادر کو چھوٹا کریں اور قمیص کو اٹھا کر رکھیں۔ اور اپنے جوڑے کو خود ٹانکہ لگالیا کریں۔ اور اپنے دونوں صاحبوں سے مل جاؤ۔

فائدہ: جس طرح گذشتہ کئی روایت میں ہے کہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کو ناصح فرمایا اسی طرح آپ رضی اللہ عنہ بھی حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کیلئے ناصح ہیں یعنی خیر خواہ۔

حدیث نمبر17:

حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ نُصَيْرٍ، قَالَ: نَا عُبَيْدُ بْنُ [44] مُحَمَّدِ بْنِ صُبَيْحٍ الزَّيَّاتُ يُعْرَفُ بِسِيدَانَ، قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ الْوَلِيدِ، قَالَ: نَا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُورِ بْنِ السَّلُولِيِّ، عَنْ سَلَّامِ بْنِ أَبِي مُطِيعٍ الْبَصْرِيِّ، عَنْ أَيُّوبَ السَّخْتِيَانِيِّ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: لَمَّا طُعِنَ عُمَرُ رِضْوَانُ اللَّهِ عَلَيْهِ بَعَثَ إِلَى حَلْقَةٍ مِنْ أَهْلِ بَدْرٍ يَجْلِسُونَ بَيْنَ الْقَبْرِ وَالْمِنْبَرِ، يَقُولُ لَكُمْ عُمَرُ: أَنْشُدُكُمْ بِاللَّهِ، أَكَانَ هَذَا عَنْ رِضًى مِنْكُمْ؟ فَتَلَكَّأَ الْقَوْمُ، فَقَالَ عَلِيٌّ عَلَيْهِ السَّلَامُ: اللَّهُمَّ لَا، وَدِدْنَا أَنَّا زِدْنَا فِي عُمُرِكَ مِنْ أَعْمَارِنَا

ہمیں بیان کیا جعفر بن محمد بن نصیر نے ہمیں خبر دی عبید بن محمد بن صبیح زیات نے جو کہ سیدان سے معروف ہیں۔ کہا ہمیں خبر دی محمد بن عمر بن ولید نے کہا

ہمیں خبر دی اسحاق بن منصور اسلولی نے سلام بن ابی مطیع بصری سے انہوں نے ایوب سنتحیانی سے انہوں نے جعفر بن محمد سے انہوں اپنے والد گرامی سے کہا کہ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ پر حملہ کیا گیا۔ اورآپ زخمی ہو گئے تو آپ نے ایک آدمی اس حلقہ کی طرف بھیجا جو قبر انور ﷺ اور منبر مبارکہ کے درمیان بیٹھے تھے۔ اوروہ اہل بدر سے تھے۔ آپ کے بھیجے ہوئے آدمی نے کہا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ تمہیں فرماتے ہیں کہ اللہ کی قسم دیتا ہوں بتاؤ کیا اس میں تمہاری بھی رضا ہے۔ قوم نے عذر پیش کیا۔ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا اے اللہ گواہ رہ ہم اس میں راضی نہیں ہیں۔ بلکہ ہم تو یہ چاہتے ہیں کہ ہماری عمر بھی حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو لگ جائے۔

حدیث نمبر 18:

حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ أَحْمَدَ الزَّيَّاتُ، قَالَ: نَا الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الصَّبَّاحِ، قَالَ: نَا أَسْبَاطُ بْنُ مُحَمَّدٍ، قَالَ: نَا الصَّلْتُ بْنُ [45] بِهْرَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي سَيَّارٌ أَبُو حَمْزَةَ، قَالَ: أَخْرَجَ أَبُو بَكْرٍ رِضْوَانُ اللَّهِ عَلَيْهِ رَأْسَهُ مِنْ كُوَّةٍ، فَقَالَ: إِنِّي قَدْ عَهِدْتُ عَهْدًا، أَفَرَاضُونَ أَنْتُمْ بِهِ؟ فَقَالَ الْقَوْمُ جَمِيعًا: نَعَمْ، إِلَّا عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ: لَا إِلَّا أَنْ يَكُونَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ

ہمیں بیان کیا عبدالملک بن احمد زیات نے کہا ہمیں خبر دی حسن بن صباح نے کہا ہمیں خبر دی اسباط بن محمد نے کہا ہمیں خبر دی صلت بن بھرام نے کہا مجھ سے بیان کیا سیار ابو حمزہ نے کہا کہ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے روشن دان سے

اپنا سر مبارک باہر نکالا (اپنی آخری مرض میں) اور فرمایا، میں نے ایک پختہ تحریر کی ہے۔(یعنی خلافت کے بارے میں) کیا تم اس سے راضی ہو تو سب نے کہا ہاں ہم راضی ہیں۔ مگر حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اگر اس تحریر شدہ عہد میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا نام ہے۔تو پھر ہم راضی ہیں ورنہ نہیں۔

حدیث نمبر 19:

حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَحْمَدَ الْمُؤَدِّبُ، قَالَ: نَا السَّرِيُّ بْنُ يَحْيَى، قَالَ: نَا شُعَيْبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: نَا يُوسُفُ بْنُ عُمَرَ , عَنْ مَخْلَدِ بْنِ قَيْسٍ الْعِجْلِيِّ , عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: لَمَّا قُدِمَ بِسَيْفِ كِسْرَى [46] وَمِنْطَقَتِهِ وَزِبْرِجِدِهِ عَلَى عُمَرَ قَالَ: إِنَّ أَقْوَامًا أَدَّوْا هَذَا لَذُوو، فَقَالَ عَلِيٌّ عَلَيْهِ السَّلَامُ: ﴿إِنَّكَ عَفَفْتَ فَعَفَّتِ الرَّعِيَّةُ﴾ ذِكْرُ مَا رُوِيَ عَنْ آلِ أَبِي طَالِبٍ وَأَوْلَادِ عَلِيٍّ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ فِي أَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ

ہمیں بیان کیا جعفر بن محمد بن احمد مودِب نے کہا ہمیں خبر دی سری بن یحییٰ نے کہا ہمیں خبر دی شعیب بن ابراہیم نے کہا ہمیں خبر دی یوسف بن عمر نے مخلد بن قیس سے انہوں نے اپنے باپ سے کہا کہ جب کسری کی تلوار اور کمر میں باندھنے والا اس کا پٹکا اور ہیرے جواہرات حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں پیش کیے گئے۔تو آپ نے فرمایا کہ قوم نے اگرچہ اس کو دشوار سمجھا ہے۔پھر بھی اس واقعہ سے

انہوں سے خوشی حاصل کی ہے۔ تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا اے عمر رضی اللہ عنہ بلاشبہ آپ خود بھی پاکباز ہیں۔ اور آپ کی رعیت بھی پاکیزہ ہے۔

حضرت ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما کی تعریف میں جو کچھ آل ابوطالب اور اولاد علی رضی اللہ عنہم سے مروی ہے۔

حدیث نمبر 20:

